پریس ریلیز

گوجرانوالہ 04 اکتوبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ چیف ٹریفک آفیسر گوجرانوالہ کی کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ عائشہ بٹ نہ صرف شہر کی ٹریفک کو کنٹرول کرنے میں مصروف ہیں بلکہ معاشرے میں منشیات جیسی لعنت کے خاتمہ اور کھیلوں کے فروغ کیلئے بھی سرگرم ہیں۔ جو کہ انتہائی خوش آئند بات ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کے زیرِ انتظام گورنمنٹ بوائز کالج سیٹلائٹ ٹاؤن میں ہونے والے کرکٹ میلہ میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ دفتری مصروفیت کے ساتھ ساتھ ملازمین میں کھیلوں کی سرگرمیاں بھی نہایت اہمیت کی حامل ہیں بد قسمتی سے گوجرانوالہ میں کھیل کے میدان تقریباً نہ ہونے کے برابر ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ہماری نوجوان نسل ہیلدی ایکٹوٹیز کو چھوڑ کر منشیات جیسی لعنت میں مبتلا ہو رہے ہیں منشیات جیسی لعنت سے بچنے کیلئے کھیلوں کی سگرمیوں کو فروغ دینا وقت کی اشد ضرورت ہے۔کرکٹ میلے میں پٹرولنگ پولیس، پنجاب پولیس اور گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کی ٹیموں نے حصہ لیا۔اس موقع پر سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم ،سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل ،صدر بار پرویز عابد ہرل، کالم نگار عتیق انور راجہ، پرنسپل گورنمنٹ کالج بوائز سیٹلائٹ ٹاؤن، ڈسٹرکٹ آفیسر سپیشل ایجوکیشن اور سندس فاؤنڈیشن کے سربراہ حاجی سرفراز نے شرکت کی۔نیز ایس ایس پی آپریشن گوجرانوالہ فراز احمد، ایس ایس پی پٹرولنگ عبدالوھاب، ایس پی سول لائن رضوان طارق اور ایس پی سٹی غیور نے شرکت کرتے ہوئے ٹیموں کی حوصلہ افزائی کی۔